منہاجُ العابدِین

ابتدِائی 40 فیصد معروضی سوالات

معلّم:

حضرت علّامہ مولانا محمّد اختر رضا عطّاری مدَنی

درَجہ:

6^{th} Year جامعۃ المدینہ فیضانِ مدینہ جھنگ

غَلطی پائیں تو برائے کرم مطّلع فرمائیں

0312.4254825

جزاکم اللہُ خیرًا کثیرًا کثیرًا

بسم اللہ الرحمن الرحیم و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

1۔مِنہاج العابِدین کے مصنّف کون ہیں؟ محمد بن محمد بن محمد بن احمد طوسی غزالی رحمۃُاللہِ علیہ

2۔امام غزالی کا مسلک کیا ہے؟ شافعی

3۔امام محمد کی کنیت کیا ہے؟ابو حامِد

4۔امام محمد کا لقب کیا ہے؟ حجۃ الاسلام

5۔امام غزالی کی ولادت کہاں ہوئی؟ طابران میں

6۔امام غزالی کا سنِ ولادت کیا ہے؟450ہجری

7۔امام غزالی کا سنِ وفات کیا ہے؟505 ہجری

8۔امام غزالی کی تارِیخِ وفات کیا ہے؟14 جمادی الآخر

9۔امام غزالی کا وصال مبارک کس دن ہوا؟ پیر شریف

10۔امام غزالی کا وصال مبارک کس وقت ہوا؟ صُبح

11۔امام غزالی کا وصال مبارک کہاں ہوا؟ طابران میں

12۔منہاج العابِدین امام غزالی کی کونسی تصنیف ہے؟ آخِری

پہلی گھاٹی: علم

13۔ منہاج العابِدین کتنی گھاٹیوں پر مشتمل ہے؟ 7

14۔ منہاج العابِدین کونسی گھاٹیوں پر مشتمل ہے؟ علم، توبہ، رکاوٹیں، عوائق، عوارض، قوادح، حمد و شکر

15۔ کتنی چیزوں کی بنا پر رسولوں کو بھیجا گیا؟ 2

16۔ کونسی چیزوں کی بنا پر رسولوں کو بھیجا گیا؟ علم، عبادت

17۔ علم و عبادت میں زیادہ فضیلت کس کی ہے؟ علم

18۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کیمطابق عالِم کو 1 نظر دیکھنا کتنے سال کے روزوں اور اسکی راتوں میں قیام کرنے سے زیادہ پسندیدہ ہے؟ 1

19۔ عبادت کس کیطرح ہے؟ پھل

20۔ بزرگی کس کو حاصل ہے؟ درخت

21۔ عبادت ایسے کرو کہ علم کو نقصان نہ ہو، یہ قول ہے؟ حسن بصری رحمۃُ اللہِ علیہ

22۔ بندے کیلیئے کس میں سے حصہ ہونا لازم ہے؟ علم و عبادت دونوں

23۔ علم کا عبادت پر مقدم ہونا کتنی وجوہات کی بنا پر ہے؟ 2

24۔ علم کا عبادت پر مقدم ہونا کونسی وجوہات کی بنا پر ہے؟ عبادت سلامت رہے، علمِ نافع خشیتِ الٰہی کا فائدہ دیتی ہے

25۔ غصہ، ریاکاری، خود پسندی، تکبر، حسد کا جاننا ہے؟ واجب

26۔الأمل کیا ہے؟ محض معصیت

27۔علم پر سو جانا کس سے بہتر ہے؟ جہالت پر نماز پڑھنے سے

28۔کتنے علوم کا حاصل کرنا فرض ہے؟ 3

29۔کونسے علوم کا حاصل کرنا فرض ہے؟ علمِ توحید، علمِ شریعت، علمِ سِر

30۔توحید کے تمام دلائل کی اصل کیا ہے؟ قرآن کریم

31۔بدعتیوں پر سنت کی حجت قائم کرنے کی مقدار علمِ توحید سیکھنا کیا ہے؟ فرض کفایہ

32۔تمام ابوابِ فقہ کی معرفت حاصل کرنا کیا ہے؟ فرض کفایہ

33۔اللہ تعالی کن کیطرف وحی فرمائی کہ علمِ نافع حاصل کرو؟ حضرت داؤد علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

34۔مجھے ناپسند ہے کہ میں بچپن میں فوت ہو کر جنت میں داخل ہو جاتا اور بڑے ہو کر رب کی معرفت حاصل نہ کرتا، یہ قول کن کا ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ

35۔کس نے 30 سال مجاہدہ کیا تو علم سے سخت کسی کو نہ پایا؟ ابو یزید بسطامی رحمۃُ اللہِ علیہ

دوسری گھاٹی: توبہ

36۔توبہ کتنی وجوہات کی بنا پر لازم ہے؟ 2

37۔توبہ کونسی وجوہات کی بنا پر لازم ہے؟ توفیقِ عبادت، قبولِ عبادت

38۔تنزیہ القلب عن الذنوب کس کی تعریف ہے؟توبہ

39۔کتاب میں توبہ کی شرائط کتنی ہیں؟4

40۔کتاب میں توبہ کی شرائط کونسی ہیں؟1: گناہوں کو چھوڑنا،2:وہ گناہ پہلے کر چکا ہو،3:رُتبتًا پہلے سرزد ہونیوالے گناہ کے برابر ہو،4: تعظیمِ الٰہی کی خاطر

41۔توبہ کے مقدمات کتنے ہیں؟3

42۔توبہ کے مقدمات کونسے ہیں؟ گناہ کو انتہائی بُرا جاننا،رب کی ناراضگی کو یاد کرنا،اپنی کمزوری کو یاد کرنا

43۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کیمطابق کیا چیز توبہ ہے؟ندامت

44۔ندامت بندے کیلئے کیا ہے؟غیرِ مقدور

45۔توبہ کی بنا پر کتنی بھلائیوں میں سے 1 بھلائی تجھے لازمی حاصل ہوگی؟2

46۔توبہ کی بنا پر کونسی بھلائیاں حاصل ہونگی؟سچی توبہ پر توفیقِ ثابت قدمی،گزشتہ گناہوں کی معافی

47۔کتاب میں گناہ کی کتنی اقسام مذکور ہیں؟3

48۔کتاب میں گناہ کی کونسی اقسام مذکور ہیں؟اللہ عزّوجلّ کے لازمی احکام کو چھوڑنا،جو تمہارے اور اللہ عزّوجلّ کے مابین ہیں،جو تمہارے اور مخلوق کے مابین ہیں

49۔کس نے 30 سال تک سچی توبہ کی توفیق ملنے کی دعا کی؟ابو اسحاق اسفرائینی رحمۃُ اللہِ علیہ

50۔کون پڑوسی کی دیوار سے مٹی لینے پر 40 سال روتے رہے؟کہمس بن حسن رحمۃُ اللہِ علیہ

51۔حضرت آدم علیہ الصّلوٰۃ والسّلام اپنی لغزش پر کتنے سال روتے رہے؟200

تیسری گھاٹی: عوائقِ اربعہ

52۔ رکاوٹیں یعنی عوائق کتنے ہیں؟ 4

53۔ عوائق کونسے ہیں؟ دنیا، مخلوق، شیطان، نفس

54۔ دنیا سے بے رغبتی کتنی وجہ سے لازم ہے؟ 2

55۔ دنیا سے بے رغبتی کتنی وجہ سے لازم ہے؟ کثرتِ عبادت، عمل کی قدر و قیمت کا بڑھنا

56۔ دنیا و آخرت کی مثال کس کیطرح ہے؟ 2 سوکنوں کیطرح

57۔ کس نے کوشش کی کہ عبادت و تجارت اکٹھا کر لوں مگر نہ ہو سکے؟ ابو درداء رحمۃُ اللہِ علیہ

58۔ اگر عبادت و تجارت میرے علاوہ کسی اور میں جمع ہو سکتی تو میرے اندر ضرور جمع ہو تیں، یہ قول ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ

59۔ جب بندہ دنیا سے بے رغبت ہو تا ہے تو اسکا دل حکمت سے منور ہو جاتا ہے اور اعضاء عبادت میں مدد گار بنتے ہیں، یہ قول ہے؟
حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

60۔ جسکا دل دنیا سے بے رغبت ہو اسکی کتنی رکعتیں اللہ کے ہاں قیامت تک عبادت کرنیوالوں کی عبادت سے بہتر ہیں؟ 2

61۔ زہد کی اقسام کتنی ہیں؟ 2

62۔ زہد کی اقسام کونسی ہیں؟ اختِیاری زہد، غیر اختِیاری زہد

63۔ اختیاری زہد کتنی چیزوں میں ہوتا ہے؟ 3

64۔ اختیاری زہد کونسی چیزوں میں ہوتا ہے؟ 1: جو نہیں اُسے طلب نہ کرو، 2: جو ہے اُسے دور کرو، 3: حصول کاارادہ بھی ترک کردو یعنی جمع نہیں، منع نہیں، طمع نہیں

65۔ حلال دنیاسے کنارہ کشی کرنا کیاہے؟ نفل

66۔ ابدالوں کے ہاں کیا چیز مردار کیطرح ہے؟ حلال

67۔ مخلوق سے تنہائی اختیار کرنا کتنی وجہ سے لازم ہے؟ 2

68۔ مخلوق سے تنہائی اختیار کرنا کونسی وجہ سے لازم ہے؟ مخلوق عبادتِ الٰہی سے غافل کرے گی، مخلوق تمہاری عبادت کے فائدے کو ضائع کرے گی

69۔ میں نے لوگوں سے 5 چیزیں مانگیں مگر 1 بھی نہ ملی، یہ قول کن کا ہے؟ حاتم اصم رحمۃُ اللہِ علیہ

70۔ زمانۂِ ہرج کیاہے؟ جب آدمی پاس بیٹھے ہوئے شخص سے بھی بے خوف و مطمئن نہ ہو گا

71۔ دنیاسے روزہ رکھ اور آخرت کو افطار بنااور لوگوں سے ایسے بھاگ جیسے شیر سے بھاگتاہے، یہ قول ہے؟ داؤد طائی رحمۃُ اللہِ علیہ

72۔ لوگوں کا دیکھنا ریاکاری کی چٹائی ہے، یہ قول ہے؟ یحییٰ بن معاذ رحمۃُ اللہِ علیہ

73۔ گوشہ نشینی کے باب میں لوگوں کے کتنے طبقے ہیں؟ 2

74۔ گوشہ نشینی کے باب میں لوگوں کے کونسے طبقے ہیں؟ مخلوق کو جسکی حاجت نہیں، مخلوق کو دینی معاملات میں جسکی حاجت ہو

75۔ گوشہ نشینی کرنے میں مصلحت اور فراغت پیش نظر ہو تو کتنی چیزوں میں سے 1 اختیار کرنا لازم ہے؟ 2

76۔ گوشہ نشینی کرنے میں مصلحت اور فراغت پیش نظر ہو تو کتنی چیزیں اختیار کرنا لازم ہیں؟ ایسی جگہ جائے جہاں فرائض اس پر لازم نہ ہوں، ادائیگیِ فرائض میں لوگوں سے ملنے والا ضرر فرائض چھوڑنے سے بڑا ہو

77۔ حضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام نے فرمایا جب بدعت ظاہر ہو اور عالِم خاموش رہے تو اس پر اللہ کی ہو؟ لعنت

78۔لوگ دین میں جس شخص کے محتاج ہوں تو اسکو مخلوق کی صحبت کیلئے کتنی چیزوں کی شدید حاجت ہے؟2

79۔لوگ دین میں جس شخص کے محتاج ہوں تو اسکو مخلوق کی صحبت کیلئے کونسی چیزوں کی شدید حاجت ہے؟طویل صبر،فقط جسمانی طور پر لوگوں کیساتھ رہے

80۔علیکم بالجماعۃ میں کتنے احتِمال ہیں؟3

81۔علیکم بالجماعۃ میں کونسے احتِمال ہیں؟1:دین اور احکام میں جماعت کی پیروی کرو،2:جمعہ و جماعت میں الگ نہ رہو،3:یہ حکم اچھے زمانے میں اس کیلئے ہے جو دین میں کمزور ہو

82۔کن کیلئے زمین سمیٹ دی جاتی ہے؟ابدالوں کیلئے

83۔عام لوگوں کا مدارس و خانقاہوں میں ہونے کے کتنے فائدے ہیں؟2

84۔عام لوگوں کا مدارس و خانقاہوں میں ہونے کے کونسے فائدے ہیں؟لوگوں سے دوری،جمعہ و جماعت اور تمام اسلامی شعائر میں لوگوں کیساتھ شرکت

85۔دوست کی زیارت وملاقات کیلئے کتنی شرائط ہیں؟2

86۔دوست کی زیارت وملاقات کیلئے کونسی شرائط ہیں؟بہت زیادہ نہ جائے،تکلُّف وبناوٹ اور فضول گوئی سے بچے

87۔گوشہ نشینی کتنے امور کے ذریعے آسان ہوسکتی ہے؟3

88۔گوشہ نشینی کونسے اُمور کے ذریعے آسان ہوسکتی ہے؟1:تمام اوقات عبادت میں مصروف رہو،2:لوگوں سے امید ختم کردو،3:لوگوں سے ملنے پر آنیوالی آفات کو دیکھو

89۔شیطان سے جنگ کرنا کتنی وجہ سے لازم ہے؟2

90۔شیطان سے جنگ کرنا کونسی وجہ سے لازم ہے؟شیطان کھلا دشمن ہے،اسکی فطرت میں دشمنی ہے

91۔ شیطان کو بھگانے کے کتنے طریقے ہیں؟2

92۔ شیطان کو بھگانے کے کونسے طریقے ہیں؟اللہ عزّوجلّ کی پناہ مانگو، مجاہدہ کرواور اسکی مخالفت کرو

93۔ شیطان سے جنگ کرنے کیلیئے کتنی چیزوں کا ہونالازم ہے؟3

94۔ شیطان سے جنگ کرنے کیلیئے کونسی چیزوں کا ہونالازم ہے؟1:اسکے دھوکے کو پہچانو،2:دل کو اسکی طرف متوجہ نہ کرو،3:زبان کو مسلسل ذکرِالٰہی سے معمور رکھو

95۔ شیطان کے مکروفریب کی پہچان کے کتنے طریقے ہیں؟2

96۔ شیطان کے مکروفریب کی پہچان کے کونسے طریقے ہیں؟دِلی خیالات کی اقسام پہچاننا،اسکے حیلے بہانوں کے راستوں کو پہچاننا

97۔ بندے کے دل پر دعوت دینے والے کتنے ہوتے ہیں؟3

98۔ بندے کے دل پر دعوت دینے والے کون ہوتے ہیں؟فرشتہ،شیطان،خواہش

99۔ خواطر کی اقسام کتنی ہیں؟4

100۔ خواطر کی اقسام کونسی ہیں؟خیال،خواہشِ نفس،الہام،وسوسہ

101۔ ابتداءً رب کیطرف سے دل میں پیدا ہونیوالا خیال کہلاتا ہے؟خیال

102۔ انسانی طبیعت کے موافق دل میں پیدا ہونیوالا خیال کہلاتا ہے؟خواہشِ نفس

103۔ فرشتے کی دعوت پر دل میں پیدا ہونیوالا خیال کہلاتا ہے؟الہام

104۔ شیطان کی دعوت پر دل میں پیدا ہونیوالا خیال کہلاتا ہے؟وسوسہ

105۔ کبھی کبھار نفس وشیطان میں سے کون دل میں نیکی کا خیال ڈالتا ہے؟دونوں

106۔ قلبی خیالات کے بعد کتنی باتوں کا جاننالازم ہے جو اصل مقصود ہیں؟3

107۔ قلبی خیالات کے بعد کونسی باتوں کا جاننالازم ہے جو اصل مقصود ہیں؟ 1:اچھے وبرے خیال میں فرق،2:برے خیال میں رحمانی، نفسانی، شیطانی لحاظ سے فرق،3:اچھے خیال میں رحمانی، الہامی، شیطانی لحاظ سے فرق

108۔برے اور اچھے خیال میں فرق کرنے کیلئے کتنے ترازوؤں میں سے کسی 1 میں تولو؟ 3

109۔برے اور اچھے خیال میں فرق کرنے کیلئے کتنے ترازوؤں میں تولو؟ 1:شریعت پر پیش کرو، 2:بزرگانِ دین کی سیرت پر پیش کرو، 3: نفس وخواہش پر پیش کرو

110۔ شیطان نفس اور رب کیطرف سے پیدا ہونے والے خیال میں فرق کرنے کیلئے کتنی جہات سے غور کرو؟ 3

111۔ شیطان نفس اور رب کیطرف سے پیدا ہونے والے خیال میں فرق کرنے کیلئے کونسی جہات سے غور کرو؟ 1:خیال پختہ رہے تو رب یا نفس کیطرف سے اور شک ہو تو شیطان کیطرف سے،2:خیال گناہ کے بعد آیا تو رب کیطرف سے،3:ذکرِ الٰہی کے باوجود خیال کم اور ختم نہ ہو تو نفس کیطرف سے اور اگر کم اور ختم ہو تو شیطان کیطرف سے

112۔اچھے خیال میں فرق کرنا ہو کہ یہ رب کیطرف سے ہے یا فرشتے کیطرف سے تو کتنی جہات سے دیکھو؟ 3

113۔اچھے خیال میں فرق کرنا ہو کہ یہ رب کیطرف سے ہے یا فرشتے کیطرف سے تو کونسی جہات سے دیکھو؟ 1:خیال قوی ہو تو رب کیطرف سے اور اگر تردُّد ہو تو فرشتے کیطرف سے،2:عبادت کی کوشش یا اطاعت کے بعد خیال پیدا ہو تو رب کیطرف سے،3:خیال اصول و باطنی اعمال کے متعلق ہو تو رب کیطرف سے اور اگر فروع وظاہری اعمال کے متعلق ہو تو فرشتے کیطرف سے

114۔اکثر عُلَماء کے ہاں فرشتے کو بندے کے کس چیز کی معرفت نہیں ہوتی؟ باطن

115۔ حضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے فرمان کیمطابق کتنے کاموں کے علاوہ جلد بازی شیطان کیطرف سے ہے؟5

116۔ حضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے فرمان کیمطابق کونسے کاموں کے علاوہ جلد بازی شیطان کیطرف سے ہے؟ 1:بالغ لڑکی کی شادی،2:ادائیگیِ قرض،3:میّت کی تجہیز و تکفین،4: مہمان نوازی،5: گناہوں سے توبہ کرنا

117۔عبادت سے روکنے کیلئے شیطان کتنے حملے کرتا ہے؟7

118۔ عبادت سے روکنے کیلئے شیطان کونسے حملے کرتا ہے؟ 1: عبادت سے روکنا، 2: عمل کو ٹالنا، 3: عبادت میں جلدی، 4: ریاکاری، 5: خود پسندی، 6: چھپ کر عمل کر اللہ عزّوجلّ مشہور فرمادے گا، 7: خوش بخت ہے تو عمل نہ کرنا نقصان نہ دے گا اور اگر بد بخت ہے تو عمل کرنا فائدہ نہ دے گا۔

119۔ نفس کا سب سے زیادہ نقصان دہ ہونا کتنی وجہ سے ہے؟ 2

120۔ نفس کا سب سے زیادہ نقصان دہ ہونا کونسی وجہ سے ہے؟ یہ جسم کے اندر رہے، انسان کا محبوب ہے

121۔ ابلیس نے کتنے ہزار سال عبادت کی؟ 80

122۔ کتنے فوائد حاصل کرنے کیلئے نفس کو تقوٰی کی لگام دو؟ 2

123۔ کونسے فوائد حاصل کرنے کیلئے نفس کو تقوٰی کی لگام دو؟ نیکیاں کرنا، گناہوں سے بچنا

124۔ خواہش نفس کو توڑنے کے کتنے طریقے ہیں؟ 3

125۔ خواہش نفس کو توڑنے کے کونسے طریقے ہیں؟ 1: خواہشات سے روکنا، 2: عبادات کا بوجھ ڈالنا، : رب سے مدد مانگنا

126۔ کتاب میں تقوٰی کی کتنی خوبیاں بیان کی گئیں؟ 12

127۔ کتاب میں تقوٰی کی کونسی خوبیاں بیان کی گئیں؟ تعریف، دشمنوں سے حفاظت، مدد، رزقِ حلال، اعمال کا سنورنا، گناہوں کی معافی، محبتِ الٰہی، قبولیتِ اعمال، عزت واحترام، بوقتِ موت خوشخبری، جہنّم سے نَجات، جنّت میں ہمیشہ رہنا

128۔ عبادت کی کتنی بنیادی باتوں کا تعلق تقوٰی کیساتھ ہے؟ 3

129۔ عبادت کی کونسی بنیادی باتوں کا تعلق تقوٰی کیساتھ ہے؟ توفیقِ الٰہی، اعمال کی درستی، قبولیتِ اعمال

130۔ اے ابنِ آدم اللہ جلّ جلالُہ سے ڈر اور جیسے چاہے سو جا، یہ عبارت کس آسمانی کتاب میں ہے؟ تورات

131۔ کون اپنے نفس سے کہتے کہ میں نے پلک جھپکنے کی مقدار بھی تجھے خوش نہ کیا؟ عامر بن عبدِ قیس رحِمَۃُ اللہ علیہ

132۔ قرآن میں لفظِ تقوٰی کتنے معانی میں استعمال ہوا؟ 3

133۔ قرآن میں لفظِ تقوٰی کونسے معانی میں استعمال ہوا؟ 1:خوف و خشیت،2:اطاعت وعبادت، 3:دل کو گناہوں سے بچانا

134۔ تقوٰی کے درجات کتنے ہیں؟3

135۔ تقوٰی کے درجات کونسے ہیں؟شرک سے بچنا، بدعت سے بچنا، گناہوں سے بچنا

136۔دین میں جس سے نقصان کا اندیشہ ہو اسکی اقسام کتنی ہیں؟2

137۔دین میں جس سے نقصان کا اندیشہ ہو اسکی اقسام کونسی ہیں؟ خالص حرام و گناہ، ضرورت سے زائد حلال

138۔شر کی اقسام کتنی ہیں؟2

139۔شر کی اقسام کونسی ہیں؟اصلی شر، غیرِ اصلی شر

140۔ضرورت سے زائد حلال کا استعمال کس کیطرف لے جاتا ہے؟ حرام

141۔ جس شر سے اصلاح کی بنا پر روکا گیا وہ کیا ہے؟ غیرِ اصلی شر

142۔جس شر سے حرام ہونے کی بنا پر روکا گیا وہ کیا ہے؟اصلی شر

143۔جو رب سے ڈرنا چاہے وہ کتنے اعضاء کا خیال رکھے جو اصل ہیں؟5

144۔جو رب سے ڈرنا چاہے وہ کونسے اعضاء کا خیال رکھے جو اصل ہیں؟ آنکھ، کان، زبان، دل، پیٹ

145۔ آنکھ کے معاملے میں کتنے اصول یاد کرو جو کافی ہیں؟3

146۔کان کو کتنی وجہ سے فضول باتوں سے بچانا لازم ہے؟2

147۔کان کو کونسی وجہ سے فضول باتوں سے بچانا لازم ہے؟ سننے والا بولنے والے کا شریک ہے، فضول گفتگو سننا دل میں خیالات و وسوسے پیدا کرتا ہے

148۔ کتاب میں زبان کے متعلق کتنے اصول ذکر کیے گئے ؟5

149۔ کتاب میں زبان کے متعلق کونسے اصول ذکر کیے گئے ؟1: تمام اعضاء کا زبان کو سیدھی رہنے کی تلقین کرنا،2: وقت کی قدر کرنا، 3: نیک اعمال کو بچانا،4: دنیاوی آفات سے سلامتی پانا،5: اُخروی آفتوں کو یاد کرنا

150۔ فضول بات پوچھنے پر کس نے 1 سال روزے رکھے ؟ حسان بن سنان رحمۃُ اللہِ علیہ

151۔ مباح کلام میں کتنے اُمور ہیں ؟4

152۔ مباح کلام میں کونسے اُمور ہیں ؟1: کراماً کاتبین کو بے فائدہ چیزوں کے لکھنے کی تکلیف دینا،2: بارگاہِ الٰہی میں فضول نامۂ اعمال پیش کرنا،3: بروزِ قیامت فضول نامۂ اعمال پڑھنا،4: بروزِ قیامت دنیاوی گفتگو پر ملامت ہو گی

153۔ اصلاحِ قلب کیلئے کتنے اصول بیان کیے گئے ؟5

154۔ اصلاحِ قلب کیلئے کونسے اصول بیان کیے گئے ؟1: اللہ تعالیٰ دل کے راز جانتا ہے،2: اللہ تعالیٰ بندے کے دل کو دیکھتا ہے،3: دل بادشاہ ہے جسکا صحیح ہونا لازم ہے،4: دل جواہرات کی تجوری ہے جسکی حفاظت لازم ہے،5: دل کے 5 احوال

155۔ عمدہ جواہرات میں سب سے پہلا جوہر کیا ہے ؟ عقل

156۔ عمدہ جواہرات میں سب سے اعلیٰ جوہر کیا ہے ؟ معرفتِ الٰہی

157۔ دل کے کتنے احوال ہیں جو دیگر میں نہیں ؟5

158۔ دل کے کونسے احوال ہیں جو دیگر میں نہیں ؟1: دل الہام و وسوسے کی جگہ ہے،2: دل کی مصروفیت زیادہ ہے،3: دل کے عوارضات زیادہ ہیں،4: دل کا علاج مشکل ہے،5: دل بہت جلد بدل جاتا ہے

159۔ دل کی آفات کتنی ہیں ؟4

160۔ دل کی آفات کونسی ہیں ؟ لمبی امید، حسد، جلد بازی، تکبُّر

161۔دل کی خوبیاں کتنی ہیں؟4

162۔دل کی خوبیاں کونسی ہیں؟چھوٹی امید، معاملات میں بردباری، مخلوق سے خیر خواہی،عاجزی وانکساری

163۔لمبی امید کتنی چیزوں کو لاتی ہے؟4

164۔لمبی امید کونسی چیزوں کو لاتی ہے؟عبادت میں سستی،توبہ میں ٹال مٹول،مال جمع کرنے کالالچ،دل کی سختی

165۔حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے فرمان کیمطابق دنیا کتنی ساعتوں کی ہے؟3

166۔حضورعلیہ الصّلوٰۃو السّلام کے فرمان کیمطابق6قسم کے لوگ کتنی چیزوں کی بناپر جہنم میں جائیں گے؟6

167۔ فرمانِ حضورعلیہ الصّلوٰۃو السّلام کیمطابق6قسم کے لوگ کن چیزوں کی بناپر جہنم میں جائیں گے؟1:عرب عصبیت کی بناپر، 2:حکمران ظلم کی بناپر،3: سردار تکبُّر کی بناپر،4:تاجر خیانت کی بناپر، 5:دیہاتی جہالت کی بناپر،6:عُلَماء حسد کی بناپر

168۔حسد کی وجہ سے کتنی خرابیاں آتی ہیں؟5

169۔حسد کی وجہ سے کونسی خرابیاں آتی ہیں؟نیکیاں برباد ہونا،ارتِکابِ گناہ کرنا،بے فائدہ رنج و غم،دل کااندھاہونا،رسوائی و محرومی

170۔کن کے قول کیمطابق حاسد کی3نشانیاں ہوتی ہیں؟حضرت وہب بن منبہ رحمۃُ اللہِ علیہ

171۔حضرت وہب بن منبہ کے فرمان کیمطابق حاسد کی کونسی3نشانیاں ہوتی ہیں؟سامنے چاپلوسی کرتاہے،پیٹھ پیچھے غیبت کرتاہے، دوسرے کی مصیبت پر خوش ہوتاہے

172۔جلدبازی کی مصیبتیں کتنی ہیں؟4

173۔جلدبازی کی مصیبتیں کونسی ہیں؟1:نیکی واستِقامت میں جلدی کرنا،2:حاجت پوری ہونے میں جلدی کرنا،3:بددعاکرنے میں جلدی کرنا،4:معاملات میں جلدی کرنے کی بناپر لغزشوں میں پڑنا

174۔عبادت کی اصل اوربنیاد کیاہے؟ورع

175۔ تکبر کی آفات کتنی ہیں؟4

176۔ تکبر کی آفات کونسی ہیں؟حق سے محرومی، رب کی ناراضگی، دنیاو آخرت میں ذلّت، آخرت میں عذاب

177۔حضرت موسیٰ علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کے پوچھنے پر اللہ تعالیٰ نے کتنے عیوب بیان فرمائے کہ جس میں یہ ہوں وہ مخلوق میں سب سے زیادہ ناپسند ہے؟5

178۔حضرت موسیٰ علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کے پوچھنے پر اللہ تعالیٰ نے کونسے عیوب بیان فرمائے کہ جس میں یہ ہوں وہ مخلوق میں سب سے زیادہ ناپسند ہے؟1: دل میں تکبُّر،2: زبان پر فحش گوئی،3: نیکیوں سے پھرنا،4: بخیل،5: برے اخلاق

179۔ فرمانِ حاتم اصم رحمۃُ اللہِ علیہ کیمطابق کتنی حالتوں پر مرنے سے بچو؟3

180۔ فرمانِ حاتم اصم رحمۃُ اللہِ علیہ کیمطابق کونسی حالتوں پر مرنے سے بچو؟تکبُّر، لالچ، گھمنڈ یعنی اترانا

181۔امید کی اقسام کتنی ہیں؟2

182۔امید کی اقسام کونسی ہیں؟عوام کی امید، خواص کی امید

183۔اختِتامِ عمل تک کتنے خطرے لاحِق ہوتے ہیں؟2

184۔اختِتامِ عمل تک کونسے خطرے لاحِق ہوتے ہیں؟یہ کام مکمّل ہوگا یا نہیں، یہ کام درست ہوگا یا نہیں

185۔ حضور ﷺ کے فرمان کیمطابق کتنی چیزوں میں حسد جائز ہے؟2

186۔ حضور ﷺ کے فرمان کیمطابق کونسی چیزوں میں حسد جائز ہے؟غِبطہ یعنی رشک، غیرت

187۔ حسد کی ضد کیا ہے؟ خیر خواہی

188۔اگر نعمت کے چھن جانے میں ہی مسلمان کی بہتری ہو تو ایسی تمنا کیا ہے؟ غیرت

189۔ جلد بازی کی ضد کیا ہے؟وقار

190۔ توقّف کی ضد کیا ہے؟ تعسّف

191۔ تکبر کی اقسام کتنی ہیں؟ 2

192۔ تکبر کی اقسام کونسی ہیں؟ عام تکبُّر، خاص تکبُّر

193۔ تواضع کی اقسام کتنی ہیں؟ 2

194۔ تواضع کی اقسام کونسی ہیں؟ عام تواضُع، خاص تواضُع

195۔ بزرگ کے فرمان کیمطابق تمہاری ابتدِا ناپاک قطرہ اور انتہا بدبودار لاش ہے اور انکے درمیان تم کیا اٹھائے ہوئے ہو؟ پاخانہ

196۔ پیٹ کو حرام سے بچانا کتنی باتوں کی بنا پر لازم ہے؟ 3

197۔ پیٹ کو حرام سے بچانا کونسی باتوں کی بنا پر لازم ہے؟ نارِ جہنم سے بچنے کیلئے، بارگاہِ الٰہی سے دھتکار دیا جانا، نیک عمل سے محرومی

198۔ جنابت اور حدث کیا ہیں؟ مباح کام

199۔ عبادت اللہ عزّوجلّ کا خزانہ ہے اسکی چابی کیا ہے؟ دعا

200۔ عبادت اللہ عزّوجلّ کا خزانہ ہے اسکی چابی کے دندانے کیا ہیں؟ رزقِ حلال

201۔ فضول حلال کی آفتیں کتنی ہیں؟ 10

202۔ فضول حلال کی آفتیں کونسی ہیں؟ دل کی سختی، اعضاء میں شر انگیزی، فہم و فراست میں کمی، عبادت میں کمی، حلاوتِ عبادت کا خاتمہ، حرام میں پڑنے کا خطرہ، طرح طرح کی مصروفیت، موت کی سختیاں، ثواب میں کمی، آخرت کی ملامت

203۔ دل کے نیچے معدہ کس کیطرح ہے؟ ابلتی ہوئی ہنڈیا

204۔ عبادت پیشہ ہے اسکی دکان کیا ہے؟ تنہائی

205۔ عبادت پیشہ ہے اسکا آلہ کیا ہے؟ بھوک

206۔ فرمانِ حضورعلیہ الصّلوٰۃ و السّلام کیمطابق کیا تیرے پاس بے تحاشہ آئیگا؟ حرام

207۔ ہر بیماری کی جڑ کیا ہے؟ بد ہضمی

208۔ ہر دوا کی اصل کیا ہے؟ ا لازمۃ

209۔ کونسی شے زندگی کی لذّات کیمطابق ہوتی ہیں؟ موت کی سختیاں

210۔ کن کیلئے دنیا کے عوض آخرت میں کوئی کمی نہ ہو گی؟ حضور ﷺ

211۔ مشکوک سے بچنا کیا ہے؟ پرہیز گاری

212۔ حکمرانوں کے تحائف قبول کرنے کے متعلق اقوال کتنے ہیں؟ 5

213۔ حکمرانوں کے تحائف قبول کرنے کے متعلق اقوال کونسے ہیں؟ 1: جسکے حرام ہونے کا یقین نہ ہو وہ جائز، 2: جب تک حلال ہونے کا یقین نہ ہو تو ناجائز، 3: ہر امیر و غریب کیلئے لینا جائز، 4: ہر امیر و غریب کیلئے لینا ناجائز، 5: جسکے حرام ہونے کا یقین نہ ہو اسکا غریب کو لینا جائز جبکہ امیر کا لینا ناجائز

214۔ حضور ﷺ نے کس کا تحفہ قبول فرمایا؟ بادشاہِ مصر مقوقس

215۔ حضور ﷺ نے کس سے قرضہ لیا تھا؟ یہود

216۔ حلال و حرام کے متعلق کتنی بنیادی باتیں یاد رکھو؟ 2

217۔ حلال و حرام کے متعلق کونسی بنیادی باتیں یاد رکھو؟ حکمِ شریعت، حکمِ ورع

218۔ فرمانِ حضرت علی رضی اللہ عنہ کیمطابق جس نے بخوشی اسلام قبول کیا اور قرآن حفظ کیا اسے بیت المال سے سالانہ دیے جائیں گے؟ 200 درہم

219۔ جسکا ظاہر درست ہو اسکا تحفہ قبول کر لو یہ حکم کس کا ہے؟ شریعت

220۔ متّقین کا معاملہ کتنے کا اشارہ کرنے سے زیادہ مشکل ہے؟90

221۔افضل و بہتر کو کیا کہا جاتا ہے؟ حکمِ ورع

222۔ مباح حلال کی حالتیں کتنی ہیں؟3

223۔ مباح حلال کی حالتیں کونسی ہیں؟ 1: فخر و تکبُّر اور ریاکاری کیلئے حاصل کرے تو نافرمانی ہے،2: خواہشِ نفس کیلئے حاصل کرے تو حساب ہو گا،3: عبادتِ الٰہی پر تقویت کی خاطر بقدرِ ضرورت حاصل کرے تو حساب نہیں بلکہ ثواب ہو گا

224۔ مباح نیکی بننے میں کتنی چیزوں کا محتاج ہے؟2

225۔ مباح نیکی بننے میں کونسی چیزوں کا محتاج ہے؟ حال، ارادہ

226۔ دنیا میں زہد اختیار کرو کیونکہ معاملہ کتنے حال سے خالی نہیں؟3

227۔ دنیا میں زہد اختیار کرو کیونکہ معاملہ کونسے حال سے خالی نہیں؟ 1: دنیا اللہ کی دشمن ہے جبکہ اللہ عزّوجلّ تمہارا دوست ہے اور دنیا عقل کو ضائع کرنیوالی ہے جبکہ عقل تمہارا قیمتی سرمایہ ہے،2: دنیا کی نحوست اتنی ہے کہ یہ عبادت کا ارادہ کرنے سے بھی روکے گی،3: دنیا باقی رہنے والی نہیں یا تو تم اسے چھوڑ جاؤ گے یا یہ تمہیں داغِ مفارقت دے جائیگی

228۔ نفس شہوت کے وقت کیا بن جاتا ہے؟ جانور

229۔ نفس غصے میں کیا بن جاتا ہے؟ بھیڑیا

230۔ نفس مصیبت میں کیا بن جاتا ہے؟ بچہ

231۔ نفس خوشحالی میں کیا بن جاتا ہے؟ فرعون

232۔ نفس بھوک میں کیا بن جاتا ہے؟ پاگل

233۔جب پیٹ بھرا ہو تو نفس کیا کرتا ہے؟ اِتراتا

234۔ نفس کتنے شیطانوں سے زیادہ خبیث ہے؟70

235۔عبادت کی اقسام کتنی ہیں؟2

236۔عبادت کی اقسام کونسی ہیں؟اکتساب،اجتِناب

237۔گناہوں اور برائیوں سے بچنا کیا کہلاتا ہے؟اجتِناب

238۔اگر عبادت کے 1 ہی حصے کو پہنچو تو کس جانب کو اختیار کرنا؟ جانبِ اجتِناب

239۔علاج کے حصے کتنے ہیں؟2

240۔علاج کے حصے کونسے ہیں؟دوا، پرہیز

241۔اہلِ ہند مریضوں کا زیادہ تر علاج کس سے کرتے؟ پرہیز

242۔کتنے اعضاء کی رعایت کرو جو کہ بنیاد اور اصل ہیں؟4

243۔کونسے اعضاء کی رعایت کرو جو کہ بنیاد اور اصل ہیں؟ آنکھ،زبان،دل، پیٹ

244۔فرمانِ حضرت علی رضی اللہ عنہ کیمطابق جو اپنی آنکھ کو قابو نہ رکھے اسکے ہاں کس کی کوئی قیمت نہیں؟دل

245۔کس چیز سے زیادہ کوئی بھی شے قید ہونے کی حقدار نہیں؟زبان

246۔کوہِ لبنان کے اولیاء نے ابراہیم بن ادہم رحمۃُ اللہِ علیہ کو دنیاوالوں کو کتنی باتوں کی نصیحت کرنے کو کہا؟4

247۔کوہِ لبنان کے اولیاء نے ابراہیم بن ادہم رحمۃُ اللہِ علیہ کو کونسی باتوں کی نصیحت کرنے کو کہا؟1: زیادہ کھانیوالے کو لذّتِ عبادت نصیب نہ ہوگی،2: زیادہ سونے والے کی عمر میں برکت نہ ہوگی،3: جولوگوں کی خوشی چاہے وہ رب تعالٰی کی رضا کا منتظِر نہ ہو،4: جو غیبت اور فضول گفتگو کی کثرت کرے گا تو خدشہ ہے کہ وہ دینِ اسلام پر نہ مرے

248۔فرمانِ حضرت سہل رحمۃُ اللہِ علیہ کیمطابق تمام بھلائی کتنی صفات میں ہیں؟4

249۔ فرمانِ حضرت سہل رحمۃُ اللہِ علیہ کیمطابق تمام بھلائی کن صفات میں ہیں؟ خالی پیٹ رہنا، خاموشی، گوشہ نشینی، شب بیداری

250۔ تمام اعضائے جسم میں اصل کیا ہے؟ دل

251۔ 7 عبّاد میں سے 1 نے حضرت یونس علیہ الصّلوٰۃ والسّلام سے کس کو زیادہ ترجیح دینے کیلئے کہا؟ حفاظتِ زبان

252۔ 7 عبّاد میں سے 1 نے حضرت یونس علیہ الصّلوٰۃ والسّلام سے کس پر زیادہ توجّہ دینے کیلئے کہا؟ دل

253۔ کس نے فرمایا کہ میں نے سب سے زیادہ اصلاحِ قلب کو مشکل پایا؟ ابو یزید بسطامی رحمۃُ اللہِ علیہ

254۔ کس میں پھسلنے سے کفر کے سمندر میں ڈوب جاؤ گے؟ تکبُّر

255۔ مجھے اپنی جان کا سب سے زیادہ خطرہ علَماء و قُرّاء سے ہے، یہ قول کن کا ہے؟ ابراہیم نخعی رحمۃُ اللہِ علیہ

256۔ حضرت عطا کو اہلِ علم سے محتاط رہنے کی تلقین کس نے کی؟ سفیان ثوری رحمۃُ اللہِ علیہ

257۔ کس نے فرمایا کہ میں تمام مخلوق کیخلاف علَماء کی گواہی قبول کرلوں گا لیکن علَماء کی ایک دوسرے کیخلاف قبول نہ کروں گا؟ مالک بن دینار رحمۃُ اللہِ علیہ

258۔ کس نے اپنے بیٹے سے فرمایا کہ مجھے قُرّاء سے دور گھر خرید کردو؟ فُضَیل بن عیاض رحمۃُ اللہِ علیہ

259۔ کس نے فرمایا کہ دنیا اور ابلیس کیا ہے، جو گزر گئی وہ خواب، جو باقی وہ امیدیں، اور شیطان کی بے فائدہ اطاعت کی گئی؟ ابو حازم

260۔ جسے زاہد کہا جائے وہ کتنی صفات والا بن جاتا ہے؟ 1,000